# 16-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

تلنگانہ اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا ہوا آغاز۔ گورنر نے مشترکہ اجلاس سے کیا خطاب۔ کہا ریاست کا بجٹ ہر طبقہ کی ترقی کیلئے ہوگا۔

۲۔ تلنگانہ اسمبلی کا بجٹ اجلاس اس ماہ کی 30 تاریخ تک منعقد ہوگا۔ حکومت نے بی اے سی اجلاس کے دوران لیا اہم فیصلہ۔

۳۔ ہریش راؤ نے 31 مارچ تک اسمبلی اجلاس چلانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر اتوار کے دن بھی اسمبلی اجلاس منعقد کیا جائے تاکہ عوامی مسائل پر بحث کی جا سکے۔

اور

۴۔ معروف شاعر، مصنف، نندنی سدا ریڈی کو مرکزی حکومت نے ساہتیہ اکیڈیمی ایوارڈ دینے کا اعلان کیا ہے۔

Seta akka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے خطاب کے دوران بی آر ایس لیڈر کے ٹی آر پر سخت تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ کے ٹی آر راہل گاندھی پر تنقید کرتے ہوئے اپنے آپ کو قومی لیڈر تصور کر رہے ہیں۔ جبکہ کے ٹی آر کی کوئی شناخت نہیں ہے۔ سیتا اکا نے کہا کہ کانگریس حکومت خواتین کو مفت بس کی سفر کی سہولت فراہم کی ہے۔ اس سے کے ٹی آر بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے ہیں۔ سیتا اکا نے کہا کہ معاشی کساد بازی کے باوجود حکومت تمام فلاحی اسکیموں پر عمل کر رہی ہے۔

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ پریسیڈنٹ کے ٹی آر کی قیادت میں پارٹی ارکان اسمبلی اور ارکان قانون ساز کونسل نے آج گن پارک ہر بڑے پیمانے پر احتجاج کیا۔اس دوران بجٹ میں چھ گیارنٹیوں کیلئے فنڈس الاٹ کرنے۔اور اس پر عمل آوری کا مطالبہ کیا۔اس دوران بی آر ایس لیڈرس پلے کارڈ تھامے حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ہمیں راہل گاندھی نہیں بلکہ رعیّتو بندھو کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کیلئے شروع کی گئی مہالکشمی اسکیم پر عمل آوری نہیں ہورہی ہے۔پنشن بڑھانے کا وعدہ کرتے ہوئے غریبوں کو دھوکہ دیا جارہا ہے۔کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے کسانوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے کا کام کیا ہے۔

Rythu bandhu

تلنگانہ حکومت رعیّتو بھروسہ اسکیم کے تحت فی ایکڑ 6 ہزار روپے کی رقم کسانوں کو فراہم کررہی ہے۔اس سلسلہ میں نو ہزار کروڑ روپے فنڈس جاری کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔وزیراعلی ریونت ریڈی کی قیادت میں منعقدہ اجلاس کے دوران یہ فیصلہ لیا گیا۔فنڈس کی اجرائی سے متعلق شیڈول بھی طئے کیا گیا ہے۔اس ماہ کی 22 تاریخ کو وزیراعلی ریونت ریڈی سدی پیٹ ضلع کے نارمیٹ علاقہ کا دورہ کرنے والے ہیں۔اس دوران وزیراعلی رعیّتو بھروسہ اسکیم کے پہلے مرحلے کے طور پر 3 ہزار 590 کروڑ روپے جاری کریں گے۔جس کے تحت ریاست کے تقریباً 73 لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔اس کے 20 دن بعد دوسرے مرحلے کی رقم جاری کردی جائے گی۔ دوسرے مرحلے کی رقم 2 ہزار 650 کروڑ روپے ہوگی۔ اس کے بعد اپریل مہینے کے آخر میں تیسرے مرحلے کی رقم جاری کردی جائے گی۔تیسرے مرحلے کے تحت 2 ہزار 760 کروڑ روپے کی رقم جاری کردی جائے گی۔ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راو نے یہ بات کہی۔

RTC Special Buses

اگادی۔ رمضان تہوار کے پیش نظر آبائی مقام کو روانہ ہونے والے مسافروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے خصوصی بسیس چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس ماہ کی 17 اور 18 تاریخ کو تہوار کے پیش نظر بسوں میں زیادہ بھیڑ رہے گی۔ تہوار کے ختم ہونے کے بعد 23 اپریل سے مسافر واپس اپنے گھر لوٹ جائیں گے۔ ان اوقات میں بھی خصوصی بسیں چلانے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ آرٹی سی ملازمین نے بتایا کہ خصوصی بسوں میں کرایہ 1.5 فیصد رہے گا جبکہ روزانہ چلنے والی بسوں میں معمول کے مطابق ہی چارجس رہیں گے اور مہالکشمی اسکیم کے تحت خواتین کو بس میں مفت سفر کرنے کی سہولت موجود رہے گی۔

Weather

آنے والے تین دنوں میں تلنگانہ بھر میں تیز بارش کا امکان ہے۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے یہ بات کہی۔ آج اور کل ریاست کے مختلف اضلاع میں بونده باندی کے ساتھ ہلکی بارش ہوگی۔ پرسوں ریاست کے بیشتر علاقوں میں تیز بارش کا امکان ہے۔ اس دوران چالیس تا پچاس کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی۔

Harish Rao

بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے کہا کہ چھ گیارنٹیوں پر عمل آوری سے متعلق خانگی بل اسمبلی میں پیش کی جائے گی۔ موسی پروجیکٹ اور ای ڈی بی کے فنڈس کی اجرائی میں لاپرواہی برتی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر اسمبلی کے حقوق کی خلاف ورزی سے متعلق نوٹس جاری کردی جائے گی۔ ہریش راؤ نے کہا کہ ڈرگس پارٹی کی روایت ہماری پارٹی کے خلاف ہے۔ کے ٹی آر کو اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔

Congress MLAs Meeting

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں آج اسمبلی کے احاطہ میں کانگریس ارکانِ اسمبلی کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔اسمبلی بجٹ اجلاس کے پیش نظر اس دوران تبادلہ خیال کیا گیا۔اس اجلاس میں نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ، پی سی سی چیف مہیش کمار گوڑ، ریاستی وزرا، ارکانِ اسمبلی، ارکانِ قانون ساز کونسل نے شرکت کی۔ اِس دوران وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی فلاحی اسکیموں کو عوام تک پہنچانے کی ضرورت ہے اور اپوزیشن کی جانب سے اٹھائے جانے والے ہر سوال کا جواب دیا جائے گا۔وزیراعلیٰ نے حکومت کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کا مشورہ دیا اور اسمبلی اجلاس کے دوران اصول وضوابط پر عمل کرنے کا ارا کین کو مشورہ دیا۔

Telangana Talli Statue

آج تلنگانہ اسمبلی کے بجٹ سیشن کا آغاز ہوگیا ہے۔اسمبلی پہنچنے والے گورنر شیو پرتاپ شکلا کا وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ریاستی وزرأ اور عہدیداروں نے استقبال کیا۔اسمبلی کے احاطہ میں بابائے قوم مہاتما گاندھی اور ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسمہ کو پھول مالا پیش کیا گیا۔اس کے بعد گورنر نے اسمبلی کے احاطہ میں تلنگانہ حکومت کی خصوصی دلچسپی پر تلنگانہ مجسمہ کی نقاب کشائی کی۔اس کے بعد پولیس کے جوانوں نے گورنر کو سلامی دی۔اسمبلی کے مشترکہ اجلاس سے گورنر نے تلگو زبان سے اپنے خطاب کا آغاز کیا۔گورنر نے تلنگانہ عوام کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ بجٹ ریاست کے ہر شہری کی ترقی کیلئے ہوگا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی حکومت ہے۔سال 2047ء تک تلنگانہ رائزنگ کے طور پر آگے بڑھ رہا ہے۔ملک کی جی ڈی پی میں تلنگانہ کا حصہ 4.99 فیصد ہے۔

Sound Byte Governor

BRS

بی آر ایس پارٹی نے تلنگانہ اسمبلی اجلاس کے ایام میں اضافہ کا مطالبہ کیا۔ اسمبلی کے احاطہ میں سابق وزیر و بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ نے میڈیا سے خطاب کے دوران یہ بات کہی۔ اِس دوران ہریش راؤ نے بزنس اڈوائزری میٹنگ اور بی اے سی اجلاس میں پیش کئے گئے مسائل سے میڈیا کو واقف کروایا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اِس ماہ کی 30 تاریخ تک اجلاس منعقد کرنے کا فیصلہ لیا ہے جبکہ ان دنوں میں تعطیلات، تہواروں کی تعطیلات زیادہ ہے اور کام کے اوقات کم ہے۔ ان ایام میں عوامی مسائل پر بات کرنا بہت مشکل ہے۔ ہریش راؤ نے 31 مارچ تک اسمبلی اجلاس چلانے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر اتوار کے دن بھی اسمبلی اجلاس منعقد کیا جائے تا کہ عوامی مسائل پر بحث کی جا سکے۔

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے کہا کہ گورنر کا خطاب ریاست کی ترقی حکومت کی کامیابیوں کو اجاگر کرتا ہے۔ اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا حکومت عوام کے بھروسہ کے مطابق کام کررہی ہے۔ سری ہری نے کہا کہ گورنر کا خطاب کسانوں کی فلاح و بہبود، خواتین کی ترقی اور نوجوانوں کو روزگار جیسے اہم موضوعات پر بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے کئے گئے وعدوں کو حکومت پورا کررہی ہے اور گورنر کا خطاب ریاست کی ترقی پر مشتمل ہے۔

Governor Speech

گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا کہ تلنگانہ حکومت اپنی معیشت کو تین ٹریلین ڈالر تک ترقی دینے کیلئے

ویژن 2047ء روٹ میاپ تیار کیا ہے۔ گورنر نے کہا کہ ریاست کی فی کس آمدنی چار لاکھ 18 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیو، پیور اور ریئر ماڈل کے تحت ترقی کی جارہی ہے۔ گورنر نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ سال 2031ء تک شہری آبادی 53.8 فیصد تک پہنچ جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ جی ایچ ایم سی کو 3 کارپوریشن اور میٹرو علاقوں کو 4 کارپوریٹس میں تقسیم کردیا گیا ہے اور ہائیڈرا کے تحت اب تک کئی قبضوں کو برخواست کردیا گیا ہے۔

Nandini Sidda Reddy

معروف شاعر، مصنف، نندنی سدا ریڈی کو مرکزی حکومت نے ساہتیہ اکیڈیمی ایوارڈ دینے کا اعلان کیا ہے۔ ان کی جانب سے تحریر کردہ anvesh ناول پر انہیں یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ اس ناول میں مصنف نے کورونا کے دوران عوام نے کن مسائل کا مقابلہ کیا اس دوران انسانی تعلقات کس طرح تھے، سماجی دوراِیاں کس حد تک پہنچ گئی تھیں، ان تمام مسائل پر مصنف نے اپنے خیالات پیش کئے۔ واضح رہے کہ نندنی سدا ریڈی تلنگانہ ساہتیہ اکیڈیمی کی چیرمین بھی تھے اور ان کی جانب سے تحریر کئے گئے ناول اور گانے تلنگانہ تحریک میں بھی اہم کردار ادا کئے ہیں۔

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے مصنف اور معروف ناول نگار نندنی سدا ریڈی کو ساہتیہ اکیڈیمی ایوارڈ ملنے پر خوشی کا اظہار کیا اور انہیں مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ مصنف، شاعر نندنی سدا ریڈی نے تلنگانہ کی سماجی تحریک کو اجاگر کیا ہے۔ نندنی سدا ریڈی صرف ایک شاعر نہیں بلکہ تلنگانہ کی تہذیب و ثقافت کو پروان چڑھانے والے شخص ہیں۔

KTR - Sidda Reddy

معروف شاعر مصنف سدا ریڈی کو ساہتیہ اکیڈیمی ایوارڈ ملنے پر بی آر ایس کارگزار صدر کے ٹی آر نے خوشی کا اظہار کیا اور انہوں نے سدا ریڈی کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایوارڈ سدا ریڈی کو ملنا تلنگانہ ریاست کیلئے فخر کی بات ہے۔ انہوں نے تلگو شاعری کو پروان چڑھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

Budget Session

تلنگانہ اسمبلی کے بجٹ اجلاس کا آج سے آغاز ہوگیا ہے۔ اسمبلی اجلاس 16 مارچ سے 30 مارچ تک منعقد ہوگا۔ بی اے سی اجلاس میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ کل اور پرسوں گورنر کے خطاب کا شکریہ ادا کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ گورنر کے خطاب کا شکریہ ادا کریں گے۔ 19 مارچ کو اگادی تہوار کے پیش نظر اسمبلی اجلاس کو تعطیل رہے گی۔ 20 مارچ کو نائب وزیر اعلیٰ و فینانس منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ اسمبلی میں بجٹ پیش کریں گے اور مارچ 23 سے اس پر بحث ہوگی اور 30 مارچ کو بجٹ کو منظوری دینے کے بعد اجلاس کی کارروائی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کردی جائے گی۔